Human Resources Administration
Department of Social Services
MAP-3061 (U) 03/24/2023

آپ کو کیا جاننے کی ضرورت ہے

محترم Medicaid وصول کنندہ:

کیا آپ 21 سال سے کم عمر بچے کی پرورش کرنے والے ایک تنہا والد/والدہ ہیں نیز اپنے لیے اور/یا اپنے بچے کے لیے Medicaid وصول کر رہے/رہی ہیں؟

آپ امدادِ اطفال کے لیے درخواست دے کر فائدہ اٹھا سکتے/سکتی ہیں۔ اگر آپ ایسا کرتے/کرتی ہیں، تو آپ حاصل کر سکتے/سکتی ہیں:

1. اپنے بچے کے لیے نقد اور/یا طبی معاونت۔
2. قانونی ولدیت کا تعین۔
3. اضافی معاونت جیسا کہ نگہداشتِ طفل یا تعلیمی اخراجات۔

آج ہی اندراج کرائیں!

1 اندراجی فارم بذریعہ موبائل ایپ مکمل کریں یا نیو یارک شہر کے دفتر برائے امدادِ اطفال کی خدمات (Office of Child Support Services، OCSS) سے حاصل کریں اور بھرنے کے بعد جمع کروائیں۔

A) Access HRA Child Support موبائل ایپ استعمال کریں؛

دیے گئے سوالات کے جوابات دے کر درکار اندراجی فارم کو آن لائن بھریں اور الیکٹرانک طریقے سے جمع کروائیں۔ nyc.gov/childsupportmobile سے آج ہی ایپ ڈاؤن لوڈ کریں اور شروع کریں۔

موبائل ایپ:

B) اندراجی فارم (LDSS-4882) ڈاؤن لوڈ کریں؛

LDSS-4882 فارم ڈاؤن لوڈ کریں، مکمل کریں اور ای میل ایڈریس (dcse.cseweb@dfa.state.ny.us پر، "LDSS-4882" کے عنوان کے ساتھ)، بذریعہ ڈاک ارسال کریں یا کسی بھی بورو کے دفتر میں ذاتی طور پر جمع کروائیں۔ ڈاک کا پتہ اور دفتر کے مقامات https://on.nyc.gov/contactocss سے معلوم کیے جا سکتے ہیں۔

LDSS-4882

C) اندراجی فارم کی کاغذی نقل بذریعہ ڈاک حاصل کریں یا ذاتی طور پر وصول کریں۔

ریاستِ نیو یارک میں امدادِ اطفال کی ہیلپ لائن (888-208-4485) پر کال کریں تاکہ LDSS-4882 آپ کو ارسال کیا جا سکے یا ایک نقل حاصل کرنے کے لیے بورو کے کسی دفتر تشریف لائیں۔ دفتر کے مقامات اور OCSS سے رابطے کے دیگر طریقے https://on.nyc.gov/contactocss پرمعلوم کیے جا سکتے ہیں۔

OCSS سے رابطہ کریں

صفحہ پلٹیں

2 **اپنے کسی بھی سوالات یا مزید جاننے کے لیے OCSS سے رابطہ کریں۔**

OCSS یہاں آپ کی اور آپ کے اہل خانہ کی معاونت کے لیے موجود ہے۔

- nyc.gov/hra/ocss پر آن لائن مزید جانیں۔
- dcse.cseweb@dfa.state.ny.us پر ای میل کر کے ہم سے رابطہ کریں۔
- ہم سے رابطے کے مزید طریقے https://on.nyc.gov/contactocss پر ملاحظہ کریں۔

مخلص،

امداد اطفال کا آپ کا نمائندہ

کیا آپ کو طبی یا ذہنی صحت کی کوئی کیفیت یا معذوری لاحق ہے؟ کیا اس کیفیت کے باعث آپ کے لیے اس نوٹس کو سمجھنا یا اس نوٹس میں کیے گئے تقاضے پر عمل کرنا مشکل ہے؟ کیا اس کیفیت کی وجہ سے آپ کے لیے HRA کی دیگر خدمات حاصل کرنا مشکل ہوتا ہے؟ **ہم آپ کی مدد کر سکتے ہیں۔** ہمیں 888-692-6116 پر کال کریں۔ آپ HRA کے دفتر جا کر بھی مدد کی درخواست کر سکتے ہیں۔ آپ کو قانون کے تحت اس قسم کی مدد حاصل کرنے کا حق ہے۔